
من قتل الإمام الحسين بن علي رضي الله عنه

الإيرانيون الرافضون يقتلون الإمام الحسين رضي الله عنه

كان الشيعة والإيرانيون هم قتلة أمير المؤمنين علي بن أبي طالب رضي الله عنه ، وأمير المؤمنين حسن بن علي بن أبي طالب رضي الله عنه ، بالإضافة إلى شيعة إيرانيين ، قتلوا حسين بن علي بالاحتيال. وهذه بعض المراجع لكتب العلماء الشيعة ....



اللہ تعالیٰ تمہیں ہلاک کرے، تم نے میرے دل کو پیپ سے بھر دیا ہے اور سینے کو غیض وغضب سے بھر دیا ہے۔ اور تم نے مجھے غصے کے گھونٹ پلائے ہیں۔ اور تم نے میری نافرمانی کر کے میری رائے کو پراگندہ اور خراب کر کے مجھے ذلیل کیا ہے"۔ ❶

کلینی نے ابوالحسن موسیٰ سے نقل کیا ہے، وہ کہتے ہیں:

"اگر میں اپنے شیعوں کو علیحدہ [الگ الگ] کروں تو ان میں بھی ہی مدح خوان نظر آئیں گے۔ اور اگر ان کا امتحان لوں تو سارے کے سارے الٹے پاؤں گھوم کر بھاگ جائیں گے"۔ ❷

حضرت حسن بن علی رضی اللہ عنہما شیعہ کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

"اللہ کی قسم! میں معاویہ کو ان سے اپنے لیے بہتر سمجھتا ہوں۔ یہ لوگ زبانی تو یہ کہتے ہیں کہ یہ ہمارے شیعہ ہیں، مگر حقیقت یہ ہے کہ یہ لوگ مجھے قتل کرنا چاہتے تھے اور اسی کوشش میں انہوں نے میرے مال واسباب پر قبضہ بھی کر لیا"۔ ❸

حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے جب شیعوں کو اپنی مدد کے بجائے مخالفت پر آمادہ دیکھا؛ اس کے باوجود کہ انہوں نے ہی حضرت کو کوفہ آنے کی دعوت دی تھی؛ اور انہیں چھوڑ کر مسلم بن عقیل کے ہاتھ پر بیعت کی تھی۔ حضرت حسین رضی اللہ عنہ نے ان سے مخاطب ہو کر ارشاد فرمایا:

''اے لوگو! تم پر ہلاکت ہو؛ کیا اس وقت جب تم نے مدد کے لیے پکارا۔ اور ہم مدد کے لیے آئے۔ ہمارے لیے رکھی ہوئی تلوار تم نے ہم پر ہی تان لی۔ اور وہ آگ تم نے ہم پر انڈیل دی جو ہم نے تمہارے دشمنوں کے لیے جلائی تھی۔ تم اپنے دوستوں کے خلاف ہو کر دشمنوں سے جا ملے''۔ [4]

---

(1) السنۃ و الشیعۃ؛ نہج البلاغہ ص ۷۰-۷۱. (2) الروضۃ للکلینی ص ۱۷۰.
(3) الاحتجاج للطبرسي ص ۱٤۸. (4) نہج البلاغہ؛ الروضۃ؛ الاحتجاج؛ اور دیگر کتب شیعہ